Maulana Azad National Urdu University

M.A. Economics, II Semester Examination - July 2023

Paper : MAEC203CCT : Agricultural Economics

پرچہ : زراعتی معاشیات

Time : 3 hrs   Marks : 70

ہدایات:

یہ پرچہ سوالات تین حصوں پر مشتمل ہے: حصہ اول، حصہ دوم، حصہ سوم۔ ہر جواب کے لئے لفظوں کی تعداد اشارۃً ہے۔ تمام حصوں سے سوالوں کا جواب دینا لازمی ہے۔

1. حصہ اول میں 10 لازمی سوالات ہیں جو کہ معروضی سوالات/ خالی جگہ پُر کرنا/مختصر جواب والے سوالات ہیں۔ ہر سوال کا جواب لازمی ہے۔ ہر سوال کے لیے 1 نمبر مختص ہے۔ (10 x 1 = 10 Marks)
2. حصہ دوم میں آٹھ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی پانچ سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً دوسو (200) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 6 نمبرات مختص ہیں۔ (5 x 6 = 30 Marks)
3. حصہ سوم میں پانچ سوالات ہیں۔ اس میں سے طالب علم کو کوئی تین سوالوں کے جواب دینے ہیں۔ ہر سوال کا جواب تقریباً پانچ سو (500) لفظوں پر مشتمل ہے۔ ہر سوال کے لیے 10 نمبرات مختص ہیں۔ (3 x 10 = 30 Marks)

حصہ اول

سوال نمبر : 1

(i) زراعتی معاشیات کی تعریف بیان کریں۔

(ii) ہندوستانی معیشت میں زراعت اوسط شرح (Average Growth Rate) نمو کیا ہے؟

(iii) کس ماہر معاشیات کے مطابق زرعی شعبے میں مزدوروں کی رسد مکمل لچکدار (Perfectly Elastic) ہے؟

(iv) کاب ڈاگلس پروڈکشن فنکشن میں مستقل پیمانہ جاتی محاصل (Constant Return to Scale) کب ہوتا ہے؟

(v) پیداوار کے عقلی مرحلے میں (Rational Stage of Production) حاشیائی پیداوار............(مثبت یا منفی) ہوتا ہے۔

(vi) 2022ء میں عالمی زرعی برآمدات میں ہندوستان کا حصہ کتنے فیصد تھا؟

(vii) سرمایہ کاری میں خطرے کو کم کرنے کے لیے دو طریقے بتائیں۔

(viii) پیداکار کے توازن (Producer's Equilibrium) کی شرائط بیان کریں۔

(ix) "Poor But Efficient" کا تصور کس نے دیا؟

(x) عالمگیریت (Globalisation) سے کیا مراد ہے؟

حصہ دوم

2. آئیسوکانٹ (Isoquant) کی خصوصیات بیان کریں۔

3. زرعی معاشیات کے دائرہ کار (Scope of Agricultural Economics) پر تبادلہ خیال کریں۔

4. زراعت اور صنعت کا باہمی انحصار (Interdependence) دونوں شعبوں کی ایک خاص ترقی کے بعد ہوتا ہے۔ بیان کریں۔

5. جزوی اور کلی زرعی بجٹ (Total and Partial Agricultural Budget) میں کیا فرق ہے؟

6. ہندوستان میں زرعی قیمتوں کی پالیسی کے اہم مقاصد (Objectives of Agricultural Price Policy) کیا ہے؟

7. ہندوستانی زراعت پر عالمگیریت (Globalisation) کے منفی اثرات کا جائزہ لیں۔

8. خطرے اور غیر یقینی صورت حال (Risk and Uncertainity) میں کیا فرق ہے؟

9. کاب ویب ماڈل میں قیمتوں کی کنورجنس (Convergence) کی وضاحت کریں۔

حصہ سوم

10. بوژرپ کے زرعی کے نظریے (Boserup) کی وضاحت کریں۔

11. زرعی ترقی کے لیوائیس کے نظریے میں مزدوروں کو زراعت سے صنعت میں منتقل کرنے میں کن سی دشواریاں درپیش ہیں اور ان کا حل کیا ہے؟

12. شالٹز کا زرعی ترقی کا نظریہ (Scultz Theory of Agricultural Development) باقی نظریات سے کس طرح مختلف ہے؟

13. زراعت میں عنصر مصنوعات (Factor - Product) کے تعلق میں توازن کو بیان کریں۔

14. ہندوستان کی زرعی درآمدات (Imports) کیا ہیں اور کو کم کرنے کے لیے اقدامات تجویز کریں۔

☆☆☆